Roll No...

Total No. of Questions : **12**] [*Total No. of Printed Pages* : **8**

A–115

B.A. (Part-I) Examination, 2022

URDU

Paper–II

(Poetry and Rhetorics)

Time : 1½ Hours] [*Maximum Marks : 100*

SECTION–A

Answer all ten questions (Answer limit 50 words). Each question carries 2 marks. **(Marks : 2 × 10 = 20)**

(حصہ-الف)

سبھی 10 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 50 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 2 نمبر ہیں۔

SECTION–B

Answer any five questions out of seven (Answer limit 200 words). Each question carries 8 marks. **(Marks : 8 × 5 = 40)**

(حصہ-ب)

7 میں سے کن ہی 5 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 200 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

SECTION–C

Answer any two questions out of four (Answer limit 500 words). Each question carries 20 marks. **(Marks : 20 × 2 = 40)**

(حصہ-ج)

4 میں سے کن ہی 2 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 500 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 20 نمبر ہیں۔

SECTION–A

(حصہ-الف)

1 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ 50 الفاظ میں تحریر کیجئے۔تمام مختصر سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

(i) جوشؔ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

(ii) محرم نہیں ہے تو ہی نوا ہائے راز کا

یاں ورنہ جو حجاب ہے پردہ ہے ساز کا

یہ شعر کس شاعر کا ہے؟ ان کا پورا نام لکھئے۔

(iii) آپ کے نصاب میں شامل نظم ''البیلی صبح'' کس شاعر کی ہے؟

(iv) میرؔ کی پیدائش اور وفات کا سن لکھئے۔

(v) عوامی شاعر کے لسب سے کون یاد کیا جاتا ہے؟

(vi) قافیہ کسے کہتے ہیں؟

(vii) ردیف کی تعریف لکھئے۔

(viii) اقبالؔ کے کسی ایک شعری مجموعے کا نام لکھئے۔

(ix) عزیزؔ کہاں پیدا ہوئے؟

(x) اپنی دنیا آپ پیدا کر اگر زندوں میں ہے

سرِّ آدم ہے ضمیر کن فکاں ہے زندگی

اس شعر کے شاعر کا نام لکھئے۔

SECTION–B

(حصہ-ب)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی پانچ (5) سوالوں کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کا جواب 200 الفاظ میں تحریر کیجئے۔

2 مندرجہ ذیل میں سے کن ہی پانچ اشعار کی تشریح کیجئے اور ساتھ ہی شاعر کا حوالہ بھی دیجئے:

(i) تکلف کیا جو کھوئی جان تیری پھوڑ کر سر کو

جو غیرت تھی تو پھر خسرو سے ہوتا کوہکن بگڑا

(ii) عاشق تو مردہ ہے ہمیشہ جی اٹھتا ہے دیکھے اسے

یار کے آجانے کو یکا یک عمر دوبارہ جانے ہے

(iii) دیکھ کر نظمِ دو عالم مجھے کہنا ہی پڑا

یہ سلیقہ ہے کسے انجمن آرائی کا

(iv) کبھی تو صبح تیرے کنجِ لب سے ہو آغاز

کبھی تو شب سرِ کاکل سے مشکبار چلے

(v) ہوئی منظور محتاجی نہ تجھ کو اپنے سائل کی

بنایا کاسۂ سر واژگوں کاسہ گدائی کا

(vi) ثابت ہوا ہے گردنِ مینا پہ خونِ خلق

لرزے ہے موجِ مے تری رفتار دیکھ کر

(vii) ہاتھ دھو دل سے یہی گرمی گر اندیشے میں ہے

آبگینہ تندیٔ صہبا سے پگھلا جائے ہے

(viii) غرورِ سرو سمن سے کہہ دو کہ پھر وہی تاجدار ہوں گے

جو خار و خس والیِ چمن تھے عروجِ سرو سمن سے پہلے

(ix) ہوگا اک وقت میں یہ واقعہ تاریخی

یاد رکھنا مرے کاشانہ کا ویراں ہونا

(x) حضورِ یار ہوئی دفترِ جنوں کی طلب

گرہ میں لے کے گریباں کا تار تار چلے

3 مندرجہ ذیل اقتباسات کی تشریح مع سیاق و سباق کیجیے:

(الف)

روش روش نغمہ طرب ہے چمن چمن جشنِ رنگ و بو ہے

طیور شاخوں پہ ہیں غزلخواں، کلی کلی گنگنا رہی ہے

ستارۂ صبح کی رسیلی جھپکتی آنکھوں میں ہیں فسانے

نگار مہتاب کی نشیلی نگاہ جادو جگا رہی ہے

طیور بزمِ سحر کے مطرب لچکتی شاخوں پہ گا رہے ہیں

نسیم فردوس کی سہیلی گلوں کو جھولا جھلا رہی ہے

کلی پہ بیلے کی کس ادا سے پڑا ہے شبنم کا ایک موتی

نہیں یہ ہیرے کی کیل پہنے کوئی پری مسکرا رہی ہے

سحر کو مدِّ نظر ہیں کتنی رعایتیں چشم خوں فشاں کی

ہوا بیاباں سے آنے والی لہو میں سرخی بڑھا رہی ہے

(ب)

بھوکوں کی نظر میں بجلی ہے توپوں کے دہانے ٹھنڈے ہیں

تقدیر کے لب کو جنبش ہے دم توڑ رہی ہیں تدبیریں

آنکھوں میں گدا کی سرخی ہے بے نور ہے چہرہ سلطاں کا

تخریب نے پرچم کھولا ہے سجدے میں پڑی ہیں تعمیریں

کیا ان کو خبر تھی زیر و زبر رکھتے تھے جو روحِ ملّت کو

ابلیں گے زیں سے مارِ سیہ برسیں گی فلک سے شمشیریں

کیاان کوخبر تھی سینے سے جوخون چرایا کرتے تھے

اک روز اسی بے رنگی سے جھلکیں گی ہزاروں تصویریں

کیاان کوخبر تھی ہونٹوں پر جوقفل لگایا کرتے تھے

اک روز اسی خاموشی سے ٹپکیں گی دہکتی تقریریں

4 فیضؔ کی غزل گوئی کی خصوصیات لکھئے۔

5 اقبالؔ کی نظم ''خضرِ راہ'' کا خلاصہ بیان کیجئے۔

6 جوشؔ کی انقلابی شاعری کی خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔

7 میرؔ کی غزل گوئی کی خصوصیات لکھئے۔

8 مندرجہ ذیل میں سے کن ہی تین کی تعریف مع مثال لکھئے:

(i) استعارہ۔ (ii) تجاہلِ عارفانہ۔

(iii) تضاد۔ (iv) مرثیہ۔

(v) قصیدہ۔ (vi) ایہام۔

SECTION–C

(حصہ-ج)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف 2 کے جواب 500 الفاظ میں تحریر کیجئے۔

9 ''غالبؔ نے اردو شاعری کو ذہن دیا'' اس قول کی روشنی میں غالبؔ کی اردو غزل گوئی کی خصوصیات مثالوں کے ساتھ لکھئے۔

10 اردو غزل کا ارتقاء بیان کیجئے۔

11 نظیرؔ اکبرآبادی کی نظم ''چلنے کی فکر کرو بابا'' کا خلاصہ لکھئے۔

12 غزل کی تکنیک پر تفصیل سے روشنی ڈالئے۔